اگست سے جائیدادوں کے رجسٹریشن کے نئے چارجس

اسٹامپ اینڈ رجسٹریشن کے مارکٹ ویلیو پر نظرثانی کے رہنمایانہ خطوط جاری

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) ریاست تلنگانہ میں یکم/ اگست سے زرعی اور غیر زرعی اراضی اور جائیدادوں کے نئے رجسٹریشن چارجس نافذ العمل ہوں گے۔ حکومت تلنگانہ نے حالیہ دنوں محصولات میں اضافہ کرنے کے فیصلہ کے بعد اراضیات اور جائیدادوں کے رجسٹریشن کے چارجس پر نظرثانی کرنے کا قدم اٹھایا گیا ہے۔

گذشتہ سال دسمبر میں ریاست میں کانگریس کے برسر اقتدار آنے کے بعد پہلی بار زمین کی ویلیو (قدر) اور رجسٹریشن چارجس میں اضافہ کیا گیا ہے۔ محکمہ اسٹامپ اینڈ رجسٹریشن نے موجودہ قدر (قیمت) کا مطالعہ کرنے، رجسٹریشن کے چارجس پر نظرثانی اور رجسٹریشن کے نئے چارجس طئے کرنے کیلئے عملی منصوبہ پر کام شروع کردیا ہے۔ محکمہ اسٹامپ نے اس مسئلہ میں 18 جون کو ایڈیشنل کلکٹرس اور آر ڈی اوز کے ساتھ میٹنگ کے بعد زمینی کارروائی شروع کرے گی۔ محکمہ اسٹامپ اینڈ رجسٹریشن نے شہری اور دیہی علاقوں میں مارکٹ ویلیو پر نظرثانی کے رہنمایانہ خطوط جاری کئے ہیں۔ مرحلہ وار اساس پر تجزیہ کے بعد نئے رجسٹریشن چارجس کے بارے میں حتمی فیصلہ یکم جولائی کو کیا جائے گا اور چند مرحلوں کی تنقیح کے بعد مارکٹ ویلیو کو حتمی شکل دی جائے گی۔ منڈل اور ضلع سطح پر کمیٹیوں کی جانب سے مطالعہ کے بعد نئے مارکٹ ویلیو کو یکم اگست سے نافذ کیا جائے گا۔ محکمہ اسٹامپ اینڈ رجسٹریشن، ریونیو، بلدی نظم ونسق و شہری ترقیات، پنچایت راج اور سروے محکموں کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس طلب کرے گا۔ یکم جولائی کو ویبوسائٹ پر نظرثانی ویلیوز کی پوسٹ کرنے کے بعد محکمہ رجسٹریشن، 20 جولائی تک اس ضمن میں عوام سے تجاویز و اعتراضات قبول کرے گا۔ ویلیوز (قیمتوں) پر نظرثانی کا عمل 31 جولائی تک تکمیل کرلیا جائے گا۔ نظرثانی قیمتیں یکم اگست سے نافذ ہوں گی۔ چیف منسٹر اے رینوت ریڈی نے گذشتہ ماہ محکمہ کے عہدیداروں کو ہدایت دی تھی کہ وہ اراضیات کی مارکٹ قیمتوں پر نظرثانی کرنے کی ہدایت دی تھی۔ اجلاس کے دوران اس بات کا نوٹ لیا گیا تھا کہ ریاست بھر میں اراضیات کی قیمتوں میں جہاں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے مگر اس اضافہ محکمہ رجسٹریشن کی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوا ہے۔ عہدیداروں نے چیف منسٹر کو بتایا تھا کہ مارکٹ ویلیو اور زمین کی فروخت کی قیمت کے درمیان بہت زیادہ فرق ہے۔ سابق بی آر ایس حکومت نے 2021 میں لینڈ ویلیو اور رجسٹریشن چارجس میں اضافہ کیا تھا مگر اس میٹنگ میں کہا گیا ریاست کے مختلف مقامات پر زمین کی مارکٹ ویلیو اور اراضی کی فروخت کی قیمت میں بہت بھاری فرق ہے۔ قواعد کے لحاظ سے ہر سال اراضی کی مارکٹ ویلیو (قیمت) پر نظرثانی کرنا چاہئے مگر اس پر عمل آوری نہیں ہورہی ہے۔ چیف منسٹر رینوت ریڈی نے عہدیداروں کو سائنٹفک انداز میں زمینات کی مارکٹ قیمت پر نظرثانی کرنے اور محکمہ اسٹامپ ورجسٹریشن کو ان ریگولیشن کوتنقیح کے ساتھ نافذ کرنے کی ہدایت دی تھی۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ اراضیات کی قیمت پر اس طرح نظرثانی کرنی چاہئے کہ اس سے نہ صرف ریئل اسٹیٹ اور تعمیراتی سیکٹر کے ساتھ حکومت کی بھی آمدنی میں بھی اضافہ ہوسکے

نیٹ امتحان پر الجھن برقرار۔ مرکز پر لاپرواہی کرنے کے ٹی آر کا الزام

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) تلنگانہ کی اپوزیشن جماعت بی آر ایس کے کارگذار صدر و سابق وزیر تارک راما راو نے نیٹ یو جی امتحان کے سلسلہ میں مرکز پر تنقید کرتے ہوئے دعوی کیا کہ اس امتحان سے متعلق الجھن سے کئی میڈیکل کی تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند طلبہ اور ان کے والدین کی امیدیں متاثر ہوئی ہیں۔ انہوں نے بہار میں 30 لاکھ روپے میں پرچہ سوالات کے فروخت ہونے کی اطلاعات کے باوجود حکومت نے کوئی کارروائی نہیں کی ہے۔ اس سلسلہ میں کئی افراد کو پہلے ہی گرفتار کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے مرکز پر لاپرواہی اور سست رویہ اختیار کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ کئی الزامات اور شبہات کے باوجود مودی حکومت نے کوئی رد عمل ظاہر نہیں کیا جو ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ وزیراعظم مودی جو عملاً طلبہ سے امتحانات کے بارے میں تبادلہ خیال کرتے ہیں نیٹ کے مسائل پر کیوں خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے این ڈی اے حکومت کو موسومہ مکتوب میں اس واقعہ کی جامع جانچ کروانے اور اس واقعہ کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے طلبہ اور والدین کو دوبارہ یقین دہانی کروانے پر زور دیا۔ انہوں نے 67 طلبہ کی جانب سے فرسٹ رینک حاصل کرنے کی غیر معمولی صورتحال کو اجاگر کیا اور کہا کہ ایک ہی امتحانی مرکز کے 8 طلبہ نے 720 نشانات حاصل کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیپر ? لیک کی وجہ سے ہوا ہے۔ انہوں نے امتحانی نتائج کے موقع پر اس امتحان کے نتائج کے اعلان پر بھی تنقید کی اور کہا کہ اس سے شبہات پیدا ہوتے ہیں۔ صورتحال کی سنگینی کے باوجود کوئی کارروائی نہ کرنے پر انہوں نے مرکز سے وضاحت طلب کی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے دعوی کیا ہے کہ سب کچھ ٹھیک ہے۔ کئی شکایات کے باوجود مرکزی حکومت نے سپریم کورٹ کی مداخلت تک اس معاملہ پر کوئی رد عمل ظاہر نہیں کیا ہے۔

حکومت تلنگانہ کو معدنیات کے 6 بلاکس ہراج کرنے مرکز کا حکم

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) مرکزی وزارت معدنیات نے کہا کہ حکومت تلنگانہ گزشتہ 9 برسوں کے دوران کسی بھی منرل بلاکس ہراج کرنے میں ناکام رہی ہے۔ مرکز نے ریاستی حکومت پر زور دیا کہ وہ رواں ماہ کے اواخر تک کم سے کم معدنیات کی 6 کانوں کو فروخت کرے۔ جیولوجیکل رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ ہراج کیلئے حکومت تلنگانہ کو 11 بلاکس حوالے کئے گئے تھے۔ یہ بلاکس 5 لوہے کی کچ خلیات کی کانیں، 5 لائم اسٹون بلاکس اور ایک میگنیشیم بلاک پر مشتمل ہے۔ آج کی تاریخ تک حکومت تلنگانہ نے ایک بھی مائن کو ہراج کیلئے پیش نہیں کیا ہے جبکہ وزارت معدنیات، بار بار اس مسئلہ پر حکومت تلنگانہ کو متوجہ کرتی رہی ہے۔ مرکز نے ریاستی حکومت کے شعبہ معدنیات سے کہا ہے کہ وہ 30 جون تک 11 کے مجملہ کم از کم 6 منرل بلاکس کی نشاندہی کرے تاکہ ان بلاک کو 30 جون تک ہراج کیلئے پیش کیا جاسکے۔

بی آر ایس کا عنقریب بی جے پی میں انضمام: کے وینکٹ ریڈی

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس جلد ہی بی جے پی میں ضم ہونے جارہی ہے اور بی آر ایس کا وجود ختم ہوجائے گا۔ یہاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وینکٹ ریڈی نے کہا کہ سابق وزیر بی پرمیش راؤ کو کانگریس پر تنقید کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کانگریس حکومت 15 اگست تک 2 لاکھ روپے تک کسانوں کے قرض کی معافی کی اسکیم کو نافذ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت، بی آر ایس حکومت کے ذریعہ لئے گئے قرضوں کا سود ادا کررہی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کالیشورم پروجیکٹ اور مشن بھگیرتا میں بڑے پیمانہ پر بدعنوانیاں ہوئی ہیں۔ اس وقت کے سی آر پگتی بھون اور اب وہ فارم ہاؤس تک محدود ہیں۔ وینکٹ ردی نے کہا کہ سی آر نے اپنے دور حکومت میں کالیشورم پروجیکٹ کو پراہ نہیں کی جنوبی تلنگانہ کو نظرانداز کیا اور انتخابی نتائج نے یہ سچ ثابت کردیا ہے۔

چیف منسٹر رینوت ریڈی کی عیدالاضحی کی مبارکباد

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) چیف منسٹر رینوت ریڈی نے کہا کہ بقرعید (عیدالاضحی) دنیا کو یہ پیغام دیتا ہے کہ معاشرے کی بھلائی اسی وقت ممکن ہوگی جب لوگ عام بھلائی کے لیے قربانی دینے کے لیے تیار ہوں گے اور قربانیاں تب ہی نمایاں ہوں گی جب اس کا فائدہ تمام لوگوں کو یکساں طور پر پہنچے ہوگا۔ چیف منسٹر رینوت ریڈی نے پیر (17/جون) کو بقرعید (عیدالاضحی) کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی۔ وزیراعلی نے کہا کہ بقرعید لوگوں میں ایثار اور ایمان کی عظیم صفات کو ابھارتا ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ریاست تلنگانہ میں تمام مذہبی عقائد اور روایات کا یگانگت کی طرف سے یکساں احترام کیا جاتا ہے۔ وزیراعلی رینوت ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ "گنگا جمنی تہذیب" کی حفاظت کرتے ہوئے روحانی روایت کو جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ تمام برادریوں کے لوگ امن کے ساتھ مل جل کر رہیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ تلنگانہ سیکولر ایکشن پلان پر عمل پیرا ہے جو پورے ملک کیلئے ایک مثال ہے۔ چیف منسٹر نے وضاحت کی کہ ریاستی حکومت اسلام سمیت مسلم اقلیتوں کی ترقی اور بہبود کیلئے متعدد اسکیموں کو نافذ کررہی ہے۔ اس موقع پر چیف منسٹر رینوت ریڈی نے دعا کی کہ اللہ تعالی کی رحمت تمام لوگوں پر ہو اور تمام لوگ امن اور خوشی کے ساتھ خوشحال رہیں۔

امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی میں خلل پرشرپسندوں کو بخشا نہیں جائیگا

انسپکٹر جنرل رنگا ناتھ کا انتباہ۔ زائد پولیس فورس طلب، حساس علاقوں میں چوکسی

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) میدک ٹاؤن میں ہفتہ کی شب چھڑپ کے بعد اتوار کے روز ٹاؤن میں سیکوریٹی انتظامات مزید سخت کردیئے گئے ہیں اور پورے ٹاؤن میں پولیس کے اضافی دستوں کو تعینات کردیا گیا۔ پولیس نے علاقہ گردی میں شدت پیدا کردی ہے اور فرقہ وارانہ طور پر حساس علاقوں میں پولیس کے طاقتور دستوں کو متعین کردیا گیا۔ پڑوسی اضلاع سے بھی پولیس کے اضافی دستوں کو میدک طلب کرلیا گیا۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی) اے وی رنگا ناتھ، ٹاؤن کی صورتحال کی مانیٹرنگ کررہے ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ٹاؤن میں برقراری امن کیلئے پولیس سے تعاون کریں۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی میں خلل ڈالنے پر شرپسندوں کو بخشا نہیں جائے گا۔ ٹاؤن میں فساد اس وقت شروع ہوا جب ایک گروپ ایک مدرسہ میں رکھے گئے قربانی کے بڑے جانوروں کو ضبط کرنے کی کوشش کررہا تھا۔ اس پر دونوں گروپس میں چھڑپ ہوگئی۔ جس کے نتیجے میں چند افراد زخمی ہوگئے۔ بعد ازاں لاٹھیوں سے لیس ہجوم سڑکوں اور گلیوں میں نکل پڑا اور اس ہجوم نے دکانوں اور تجارتی اداروں پر حملے کئے۔ تشدد پر آمادہ اس گروپ کو منتشر کرنے کیلئے پولیس نے لاٹھی چارج کیا۔ اس حملے اور تصادم میں 7 افراد زخمی ہوگئے۔ 4 خواتین کو حیدرآباد کے اسریٰ باسمل میں شریک کرایا گیا۔ صدر مجلس وایم ڈی اسداللہ یین نے ڈی جی پی روی گپتا اور آئی جی رنگا ناتھ سے بات چیت کی۔ دریں اثنا بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے اتوار کے روز کہا کہ بی آر ایس کے 9.5 سال کے دوران تلنگانہ، فرقہ وارانہ فساد سے پاک تھا۔ موجودہ کانگریس حکومت میں تو لاء اینڈ آرڈر ہے۔ شرمناک بات یہ ہے کہ میدک جیسے پرامن ٹاؤن میں فساد پھوٹ پڑا۔ ایسا واقعہ ماضی میں کبھی بھی پیش نہیں آیا۔ کے ٹی آر نے ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے۔ اس دوران مجلس بچاؤ تحریک کے قائد امجد اللہ خان خالد نے ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ آر ایس ایس اور بی جے پی کے شرپسند عناصر جب مسلمانوں اور ان کی املاک پر حملے کررہے تھے تب پولیس خاموش تماشائی کا رول انجام دے رہی تھی۔ خان نے الزام عائد کیا کہ ریونت ریڈی نے جب سے چیف منسٹر کا عہدہ سنبھالا ہے تب سے فرقہ پرست عناصر مسلمانوں پر حملے کرنے اور ان کی املاک کو تباہ کرنے کی کھلی چھوٹ دی گئی ہے اور پولیس کا رول خاموش تماشائی بن کر رہ گیا ہے۔

سنٹرل کرائم اسٹیشن سے 12 انسپکٹرز کا تبادلہ

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) سنٹرل کرائم اسٹیشن (سی سی ایس) کے ساتھ، جسے حیدرآباد پولیس کا دل سمجھا جاتا ہے، جس کو بدعنوانی کے الزامات کی ایک سیریز کا سامنا ہے، حیدرآباد کے کمشنر پولیس کے سری نواسا ریڈی نے اتوار کو ایک جرات مندانہ فیصلہ لیا جس میں 12 پولیس اہلکاروں کا تبادلہ کیا گیا۔ سی سی ایس میں کام کرنے والے انسپکٹرز اور انہیں فوری طور پر آئی جی پی-2 کے سامنے رپورٹ کرنے کی ہدایت کی۔ ٹرانسفر کے گئے انسپکٹرز میں شیوا گوپی شیوا شنکر، رگھو بابو کے، ایالا نائیڈو، سیسوا، بکیار، جیتیش، سیتارا مولو حسین دھراوتھے، جی ستیم، ناگیشور ریڈی سی، دھاراوتھے کرشنا، کے ستیہ نارائنا، ایس اے ایمینول اور بی کرانتی کمار ہیں۔ یہ تبادلے 13 جون کو انسداد بدعنوانی بیورو کے ذریعہ سی ایس میں اقتصادی جرائم ونگ کے ایک انسپکٹر کی گرفتاری کے تناظر میں ہوئے ہیں، ای او ڈبلیو ٹیم-7 کے انسپکٹر، چما کوری سدھا کر کو رنگے ہاتھوں پکڑا گیا تھا۔ شکایت کنندہ سے 3 لاکھ روپے رشوت لینا۔ اسی طرح اے سی پی کے عہدیداروں نے اے سی پی ٹی ایس اما مہیشور راؤ کو گزشتہ ماہ 21 مئی کو غیر متناسب اثاثہ جات کے معاملے میں گرفتار کیا تھا۔ سینئر عہدیداروں کی نگرانی کے فقدان کی وجہ سے یہ باوقار محکمہ اپنی ساکھ کھو رہا ہے اور لوگوں کا محکمہ پر سے اعتماد آہستہ آہستہ ختم ہوتا جارہا ہے۔ اس کے ساتھ ہی سٹی پولیس کمیشن نے اصلاحی اقدامات کرتے ہوئے 12 انسپکٹرز کے تبادلے کا حکم دیا۔

پروہیبشنری آئی اے ایس بیٹی کو ڈپٹی ڈائرکٹر باپ کا سیلوٹ

حیدرآباد، 17/جون (ایس این بی) پروہیبشنری آئی اے ایس بیٹی کو پولیس اکیڈیمی میں ٹریننگ کیلئے پہنچنے پر اکیڈیمی میں ڈپٹی ڈائرکٹر کے طور پر خدمات انجام دینے والے باپ نے سیلوٹ کیا۔ یہ واقعہ شہر حیدرآباد میں پیش آیا۔ تفصیلات کے مطابق وینکٹیشور لو کی بیٹی آئی اے ایس پروہیبشنری او ماہارتی ان 7 پروہیبشنری آفیسرس کی ٹیم کا حصہ تھی جو ٹریننگ کیلئے اکیڈیمی پہنچے۔ اس دوران بیٹی کو اس وقت خوشگوار حیرت ہوئی جب باپ نے اپنی بیٹی کا صرف گلدستے سے استقبال کیا بلکہ اس کو سیلوٹ بھی کیا۔ یہ منظر دیکھ کر بیٹی بھی خوش ہوگئی اور وہاں موجود وینکٹیشور لو کی بیوی بھی مسکرائے بغیر نہیں رہ سکی۔ اس واقعہ کی تصاویر سوشیل میڈیا پر وائرل ہوگئیں جس میں دیکھا گیا کہ بیٹی باپ کے ساتھ خوشگوار موڈ میں ہے۔

چندر شیکھر راؤ کا پتہ، دیواروں پر پوسٹرس

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) سدی پیٹ ضلع کے بھویل آسمبلی حلقہ میں بی جے پی کے لیڈروں نے سابق وزیراعلی کے چندر شیکھر راو کے لاپتہ ہونے کے پوسٹرس مکانات کی دیواروں پر لگائے۔ انہوں نے ان پوسٹرس کے ذریعہ عوام سے پوچھا کہ کے چندر شیکھر راو کہاں ہیں؟ انہوں نے ساتھ ہی پولیس سے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ سابق وز? راعلی لاپتہ ہوگئے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بھویل آسمبلی حلقہ سے تین مرتبہ کامیابی کے بعد بھی چندر شیکھر راو نے اس حلقہ کا ایک مرتبہ بھی دورہ نہیں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 4 سڑکیں تعمیر کرنے اور 4 عمارتوں کی تعمیر ترقی نہیں ہے۔ بی جے پی کے لیڈروں نے دیواروں پر لگائے گئے ان پوسٹرس کے قریب شہر کرتصویر کشی اور ویڈیو گرافی بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ سی روڈ کی تعمیر مکمل نہیں ہوئی ہے اور سرکاری اسپتال میں عملہ کی کمی ہے۔ لاٹری کے ذریعہ منتخب استفادہ کنندگان کو ڈبل بیڈ روم مکانات نہیں دیئے گئے۔ بی جے پی کے لیڈروں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات کے موقع پر جلسوں سے خطاب کے بعد چندر شیکھر راو ہنوز اس حلقہ میں نظر نہیں آئے۔ چندر شیکھر راو کی گمشدگی کے پمفلٹس بھی ان کارکنوں نے تقسیم کئے اور کہا کہ کے چندر شیکھر راو کہاں ہیں اور کیسے ہیں وہ نہیں جانتے۔

نابالغ لڑکی کی عصمت ریزی اور قتل کے ملزم کو سخت سزا دی جائیگی

فاسٹ ٹریک کورٹ اور لواحقین کو مالی امداد و ملازمت دینے ریاستی وزیر سریدھر بابو کا تیقن

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) ریاستی وزیر ڈی سریدھر بابو نے کہا کہ ریاستی حکومت چھ سالہ نابالغ لڑکی کی عصمت دری اور قتل کے معاملے میں جلد انصاف فراہم کرنے ایک فاسٹ ٹریک کورٹ قائم کرے گی۔ ڈی سریدھر بابو نے وزیر پنچایت راج سیتا کا پدلی رکن اسمبلی وتھے رمنا راؤ، ایم پی گڈم رنگیا، پولیس کمشنر راما گنڈم سری نواس اور دیگر حکام کے ساتھ اس علاقہ کا دورہ کیا جہاں سلطان آباد منڈل کے کنٹالی کے قریب ایک رائس مل ورکر نے لڑکی کی عصمت دری کرکے معصوم کا قتل کردیا تھا۔ راما گنڈم پولیس کمشنر نے وزراء اور دیگر منتخب نمائندوں کو اس واقعہ کے بارے میں وضاحت کی۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزراء نے کہا کہ ریاستی حکومت نابالغ لڑکی کے خلاف گھناؤنے فعل کی سخت مذمت کرتی ہے اور چیف منسٹر کی ہدایت پر انہوں نے جائے حادثہ کا معائنہ کیا۔ ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ نابالغ لڑکی کے خلاف جرم کرنے والے ملزمان کو سخت سزا دینے کیلئے متعلقہ حکام کو پہلے ہی احکامات جاری کردیئے گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملزمان کے خلاف پرویکشن آف چلڈرن فرام سیکسوا آفنس ایکٹ کا مقدمہ پہلے ہی درج کیا جاچکا ہے اور ضلع میں ایک فاسٹ ٹریک کورٹ قائم کی جائے گی اور ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ریاستی وزیر سیتا کا نے وعدہ کیا کہ متاثرہ خاندان کی کفالت کے لیے 2.50 لاکھ روپے کا معاوضہ فراہم کیا جائے گا اور کلکٹر سے بات کرنے کے بعد نابالغ لڑکی کے والد کو نوکری کی پیشکش کی جائے گی۔

عید کیلئے تمام مساجد کے قریب بہتر انتظامات: ڈی سی پی

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) عید کی تیاریوں کے سلسلہ میں حیدرآباد پولیس ساؤتھ زون کی ڈی سی پی اسنیما مہرا نے تمام مساجد کے قریب کو عید کو حکومت کی طرف سے دی گئی ہدایات کے مطابق منائیں۔ ہمیں امید ہے کہ جانور کی قربانی مکمل ہونے کے بعد فضلہ کو مناسب طریقے سے گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) کے ڈبوں میں ڈالا جائے گا تاکہ ہم اپنے شہر کو صاف ستھرا رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ جانوروں کے فضلہ یا پھر دوسری اشیا کو باہر پھینکا جائے تو بیماریاں پھیلنے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔

اوقات نماز

فجر	ابتداء	04:32
	اختتام	05:36
ظہر	ابتداء	12:26
	اختتام	04:45
عصر	ابتداء	04:53
	اختتام	06:49
مغرب	ابتداء	06:57
	اختتام	08:06
عشاء	ابتداء	08:14
	اختتام	04:10

روزنامہ سہارا

اعلان تعطیل

عیدالاضحیٰ کی مسرت میں روزنامہ اراشٹریہ سہارا، حیدرآباد کو 17/جون بروز پیر تعطیل رہے گی۔ لہٰذا 18/جون بروز منگل شمارہ شائع نہیں ہوگا۔ قارئین، مشتہرین اور ایجنٹ حضرات نوٹ فرمالیں۔ (ادارہ)

به یک نظر

بقرعید کے موقع پر آپ تمام کو مبارکباد: گورنر رادھا کرشنن

حیدرآباد، 16 جون (ایس این بی) گورنر تلنگانہ سی پی۔ رادھا کرشنن نے بقرعید کے پرمسرت موقع پر مبارکباد پیش کی۔ تمام تلنگانہ کے مسلمانوں کو خوشی، امن اور صحت کے ساتھ بقرعید (عیدالاضحیٰ) کی مبارکباد! بقرعید، قربانی کے جذبے اور اعلیٰ عقیدت کی علامت ہے۔ یہ اسلامی عقیدے میں ایک خاص مقام رکھتا ہے، جو اشتراک، خیرات، تعظیم، اور ضرورت مندوں کی مدد کی اقدار کی نمائندگی کرتا ہے۔ گورنر نے کہا کہ یہ عید منانے سے بھائی چارہ، خدمت اور قربانی کے جذبے کو تقویت ملتی ہے۔ بقرعید کو پُرعقیدت کے ساتھ منانے سے مجھے یقین ہے کہ معاشرے میں امن، ہم آہنگی، تعاون، ہمدردی اور اتحاد قائم ہوگا۔ میری طرف سے آپ سب کو بقرعید بہت بہت مبارک ہو!

اتم کمار نے کرشنا آبی تنازعات کی پیش رفت کا جائزہ لیا

حیدرآباد، 16 جون (ایس این بی) ریاستی وزیر آبپاشی این اتم کمار ریڈی نے عہدیداروں کے ساتھ کرشنا آبی تنازعات سے متعلق چین ریاستی مسائل کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ریاستی وزیر نے سینئر ایڈوکیٹ سی ایس ویدیا ناتھن اور وی رویندر راؤ، مشیر آدتیہ ناتھ داس، آبپاشی کے سکریٹری راہل بوجا، اسپیشل سکریٹری پرشانت پاٹل اور دیگر قانونی ٹیم کے ارکان سے بات چیت کی۔ اس موقع پر سی ایس ویدیا ناتھن نے کرشنا واٹر ڈسپوٹ ٹریبونل-II اور سپریم کورٹ کے سامنے مختلف مسائل کی صورتحال کی مختصر وضاحت کی۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ ریاست کو کرشنا طاس میں تلنگانہ کے عوام کو درپیش مسائل کو کم کرنے کرشنا کے پانی میں اس کا جائز حصہ جسٹن کے پیرامیٹرز کے مطابق حاصل ہونا چاہئے۔ انہوں نے بالآخر قانونی ٹیم اور تکنیکی ٹیم کو مشورہ دیتے ہوئے میٹنگ کے اختتام کیا کہ وہ کرشنا کے پانی میں تلنگانہ کے منصفانہ اور جائز حصہ کے حصول میں اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔

پولیس نے راجہ سنگھ شمس آباد ایرپورٹ پر گرفتار کرلیا

حیدرآباد، 16 جون (ایس این بی) بی جے پی ایم ایل اے گوشامحل راجہ سنگھ کو پولیس نے گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس نے اُسے اتوار کو شمس آباد ایرپورٹ سے گرفتار کیا۔ میدک فساد کے ایک دن بعد راجہ سنگھ نے کہا تھا کہ وہ میدک کا دورہ کرنے جائیں گے۔ ممبئی سے شمس آباد ایرپورٹ پہنچنے پر پولیس نے اُسے گرفتار کرلیا۔ کل میں میدک ٹاؤن میں جانوروں کے ذبیحہ سے متعلق دو گروہوں کے درمیان جھگڑا ہوا تھا۔ اس چھڑپ میں کچھ افراد زخمی بھی ہوئے۔ آئی جی رنگا ناتھ اور ایس پی بالسامی نے حفاظتی انتظامات کیے ہیں اور میدک میں چھڑپوں کی گمرانی کررہے ہیں۔ بی جے پی اور دیگر ہندو تنظیموں نے شہر بندی کال دی ہے اور پولیس نے سخت انتظامات کیے ہیں۔ راج سنگھ بھی اس بند میں حصہ لینے والا تھا۔ اس لئے پولیس راج سنگھ کو پولیس نے ایرپورٹ پہنچنے پر گرفتار کرلیا۔